ilmkidunya

## Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 10 Short Questions Test

Q1. خانہ بدوش معاشرے کے دو اوصاف لکھیں.

**Ans 1:** 1.خانہ بدوش معاشرہ نہایت مختصر افراد پر مشتمل ہوتا ہے.بعض اوقات ان کی تعداد چند سو تک ہوتی ہے. 2.خانہ بدوش معاشرہ جگہ جگہ روزی کی تلاش ،گھاس اور پانی کی تلاش میں پھرتا رہتا ہے اور اس کا کوئی مستقل ٹھکانہ نہیں ہوتا.

---

Q2. بے راہ روی سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** معاشرتی نظم و ضبط اور معاشرتی ضابطوں سے بغاوت بے راہ روی کہلاتی ہے.

---

Q3. پاکستان کی ذیلی ثافتیں کونسی ہیں؟

**Ans 1:** 1.پنجابی ثقافت 2.پختون ثقافت 3. سندھی ثقافت 4.چلوچی ثقافت

---

Q4. روائتی معاشرے سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** روائتی معاشرے سے مراد وہ معاشرہ ہے جو قدیم روایت پر قائم ہو.قدیم رسم ورواج پر سختی سے کاربند ہو.

---

Q5. جدید معاشرے سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ایسا معاشرہ جو تیزی سے ترقی کر رہا ہو اور اس میں جدید دور کی تمام سہولتیں پائی جاتی ہوں اور صنعت و حرفت کی رفتار نہے تیز ہو،جدید معاشرہ کہلاتا ہے.

---

Q6. تصادم قدر سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ہر معاشرے میں اقدار کا تصادم پایا جاتا ہے.ہر معاشرہ تغیر پذیر ہے جس کی وجہ سے ثقافتی اقدار میں تبدیلی آتی رہتی ہے.پرانی اقدار کی جگہ نئی اقدار لیتی ہیں،فرد کو بعض اوقات ایک ہی اقدارمیں تبدیلی آتی رہتی ہے وہ ان میں سے ایک کو اپناتا ہے.اس وجہ سے وہ ایک ذہنی کشمکش میں مبتلا رہتا ہے ،اسے ہم عمرانیات کی زبان میں اقدار کا تصادم کہتے ہیں.

---

Q7. غیر شخصی تعلقات سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** غیر شخصی تعلقات سے مراد ہے گروہ کے ممر ہونا مگر ایک دوسرے کی پہچان نہ کرنا.

---

Q8. انسانی اور حیوانی معاشروں میں فرق بیان کریں.

**Ans 1:** انسان کی طرح حیوان میں بھی معاشرتی زندگی پائی جاتی ہے لیکن انسان کا معاشرہ حیوانی معاشرے سے مختلف ہے. انسانی معاشرہ میں ثقافت کا تصور پایا جاتا ہے جس کے مطابق لوگ اپنی زندگی بسر کر سکیں لیکن حیوانوں میں ثقافت نہیں ہوتی ،ہر حیوان اپنی زندگی میں بطور جبلت اپنا کردار ادا کرتے ہیں.

---

Q9. شادی کی تعریف کریں.

**Ans 1:** شادی سے مراد وہ رشتہ ہے کس میں مرد عورت باقاعدہ نکاح کے بعد بندھ جاتے ہیں.

Q10. معاشرہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** معاشرتی ضبط سے مراد افراد اور ان کے کردارکو خاص ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے کنٹرول کرنا ہے.